| Barelvi Mazhab Aik Ganda Gustaakh Mazhab hai |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بریلوی مفتی حنیف قریشی کا اپنے بریلوی پیر جی پر گمراہی کا فتوی

نام نہاد بریلوی مناظر مفتی حنیف قریشی لکھتا ہے کہ:

اتنے مشاہیر محدثین، علماء، آئمہ کی طرف سے ابن تیمیہ کی تکفیر و تضلیل وتردید کے باوجود انہیں شیخ الاسلام والمسلمین قرار دینا اور پھر دیگر چند لوگوں کا سہارا لے کر ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی تکفیر کرنا اور نظریہ وحدۃ الوجود کی شرک قرار دینا شریعت کے مقابلے میں نفس وہوا پرستی اور سراسر بے لگامی نہیں ہے تو اور کیا ہے؟ اور یہ اخلاق کریمانہ کی کون سی قسم ہے؟

(گستاخ کون: ص۵۱۲)

اس حوالے سے معلوم ہوا کہ جو شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کو "شیخ الاسلام" کہے وہ:

(۱) شریعت کے مقابلے میں نفس پرست

(۲) ہوا پرست

(۳) سر سر بے لگام

(۴) اخلاق کریمانہ سے عاری شخص ہے

اب دیکھئے پیر نصیر الدین گولڑوی جسے اسی کتاب (گستاخ کون) میں چراغ گولڑہ رحمۃ اللہ علیہ لکھا گیا ہے اور ان کی وفات کی وجہ سے مناظرے کو دو دن موخر کیا گیا ابن تیمیہ کے متعلق کیا کہتے ہیں:

شیخ الاسلام علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ

(راہ ورسم منزل ہا: ص۱۱۰)

اگر حنیف قریشی میں غیرت ایمانی ہے تو لگائے اپنے اس چرغ گولڑہ پر بھی وہی فتوے جو دوسروں پر تھوک کے حساب سے لگائے جاتے ہیں۔

www.RazaKhaniMazhab.com

www.HaqqForum.com

روئیداد مناظرہ راولپنڈی
گستاخ کون
راولپنڈی میں ہونے والا تاریخی مناظرہ
جس میں پہلی مرتبہ وہابی اہل حدیث مناظر نے اپنے اکابرین کی عبارات کو
کفریہ قرار دیا اور اپنے مسلک کے تین جید علماء پر فتویٰ کفر صادر کیا۔
مناظرہ مابین اہل سنت وجماعت (بریلوی) وغیر مقلدین وہابی (اہلحدیث)
مناظر اہل سنت
علامہ مفتی محمد حنیف قریشی
وہابی مناظر
پروفیسر ڈاکٹر طالب الرحمن
مرتب: سید امتیاز حسین شاہ کاظمی

الفاظ میں نکیر کی ہے اور حسب استطاعت ان کے نظریات کا رد بلیغ بھی فرمایا ہے [illegible]
قریب کے بے شمار علماء نے علامہ ابن تیمیہ کا شدید رد کیا ہے مولانا شاہ ابوالحسن زید فاروقی نے
"علامہ ابن تیمیہ اور ان کے ہم عصر علماء" بڑے شستہ لہجے میں لکھی ہے۔
اتنے مشاہیر محدثین، علماء، ائمہ کی طرف سے ابن تیمیہ کی تکفیر و تضلیل و تردید کے [illegible]
انہیں شیخ الاسلام والمسلمین قرار دینا اور پھر دیگر چند لوگوں کا سہارا لے کر ابن عربی [illegible]
تکفیر کرنا اور نظریہ وحدۃ الوجود کو شرک قرار دینا شریعت کے مقابلے میں نفس و ہوا پرستی [illegible]
سراسر بے لگامی نہیں ہے تو اور کیا ہے؟ اور یہ اخلاق کریمانہ کی کون سی قسم ہے؟

مجھے کسی دلدار کے جواب کا انتظار رہے گا

بسم اللہ الرحمن الرحیم
اھدنا الصراط المستقیم
صراط الذین انعمت علیھم
راہ و رسمِ منزل ہا
تصوّف اور عصری مسائل
علّامہ پیر سیّد نصیر الدّین نصیر گولڑوی

کی گئی ہے بلکہ اُن کے لیے موضوعہ اصطلاحات بھی موجود ہیں۔ چونکہ تصوّف عربی زبان کا لفظ ہے اس لیے اِسے سمجھنے کے لیے عربی زبان پر عبور ضروری ہے۔ عربی زبان کا سب سے بڑا شاہکار قرآنِ مجید اور اس کے بعد احادیثِ نبویّہ ہیں لہٰذا اِن پر عبور امرِ لازم ہے اِس لیے کہ تصوّف میں جو کچھ بیان ہوا اصوفیاءِ سلَف نے اُن اسرار و حقائق کا استخراج یا تو قرآنِ مجید کی کسی آیت سے کیا' یا پھر رسالت مآب ﷺ کی کسی حدیثِ مبارک سے۔ اگر ہمارے اِس دعوٰی کا ثبوت دیکھنا ہو تو ائمۂ تصوّف' جن میں رئیس المکاشفین محی الدین ابنِ عربیؒ سرِ فہرست ہیں' کی تصانیف کا مطالعہ ضروری ہے' جن کی معرکۃُ الآرا تصنیف فتوحاتِ مکیّہ قابلِ ذکر ہے۔ ابنِ عربیؒ کے علمی تبحر کا اندازہ اِس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ شیخ ابنِ تیمیہؒ جیسا علّامۂ دہر شیخؒ کے بعض بیان کردہ اسرار کو نہ پاسکا' جس کے نتیجے میں شیخؒ پر فتوٰی داغ دیا۔ شیخ الاسلام علاّمہ ابنِ تیمیہؒ کی حضرت محی الدین ابنِ عربیؒ کے اسرار تک نارسائی کا تذکرہ حضرت اعلیٰ گولڑوی قدّس سرّہ نے اپنی تصانیف میں کیا ہے' یہ ضروری نہیں کہ کوئی انسان خواہ کتنا ہی عظیم کیوں نہ بن جائے' اُسے کائنات کے تمام اسرار تک رسائی بھی حاصل ہو۔ ہر شخص کا اپنا اپنا تجربہ اور مشاہدہ ہے اور پھر جیسا کہ مذکور ہوا وَفَوْقَ كُلِّ ذِىْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ[1] (اور ہر علم والے سے اُوپر ایک علم والا ہے) کی آیتِ مُبارکہ کے مطابق اگر یہ ہوسکتا ہے کہ شیخ ابنِ تیمیہؒ کا علم و مشاہدہ حضرت ابنِ عربیؒ سے بلند ہو تو کیا اِسی طرح یہ ممکن نہیں کہ ابنِ عربیؒ کا مرتبۂ مشاہدہ و مکاشفہ اور مقامِ علم و فضل شیخ ابنِ تیمیہؒ سے کہیں

[1]: القرآن 12 : 76